ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (106)

13-02-2023

**بہاول پور () پولیس کی ماہ فروری 2023 کے پہلے عشرے کی کارکردگی رپورٹ جاری،"بی " کیٹگری کے 52 ملزمان سمیت 145 ملزمان گرفتار کرلیے، 05 کلوگرام سے زائد چرس برآمد،شراب فروشوں کے خلاف ایکشن۔اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے درجنوں ملزمان گرفتار، جرائم پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ کمیونٹی پولیسنگ پر بھی توجہ دی جارہی ہے تاکہ عوام اور پولیس میں موجود خلیج کو دور کر کے اعتماد کی فضا کو بحال کیا جاسکے، جرائم پر مکمل کنٹرول کرنے کے لیے شہری پولیس کا ساتھ اور جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کریں،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے داؤ پر لگی رقم، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو 20 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 869 لیٹر دیسی شراب، 25 لیٹر لہن معہ 03 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 12 ملزمان کو گرفتار کر کے 5 کلو 620 گرام سے چرس برآمد کر لی۔پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 31 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 23 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد رائفل، 05 عدد ریوالور 32 بور، 02 عدد ریپٹر 12 بور اور درجنوں روند برآمد کرلیا۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈان کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے "B" کے 52 مجرم اشتہاریوں کو گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔انتہائی تیز رفتاری، غفلت اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے 05 اور پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 01 ملزم کو بھی گرفتار کیا۔اسی طرح جوا کھیلنے والے 24 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم برآمد کرلی۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔ترجمان بہاولپور پولیس

ترجمان بہاولپور پولیس



**بہاول پور پولیس کی ماہ فروری 2023 کے پہلے عشرے کی کارکردگی رپورٹ جاری**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (107)

13-02-2023

**بہاولپور () پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص و گاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، ماہ فروری کے پہلے 10 دنوں میں 26371 مشکوک افراد کی چیکنگ۔ 25 مجرمان اشتہاری گرفتار، 04 عدالتی مفرران گرفتار، 11004 مشکوک گاڑیوں کی بھی چیکنگ۔ جرائم سے پاک معاشرہ ہمارا عزم ہے، ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ ماہ فروری کے پہلے 10 دنوں میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ کا جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد، مشکوک گاڑیوں کی چیک جاری ہے، دوران چیکنگ 26371 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 25 اور عدالتی مفرران 04 کو بھی گرفتار کرلیا۔ جبکہ کل 11004 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 18 گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، میری پالیسی بہت کلیئر ہے جو بھی آفیسر Crime Control اور Crime Prevention میں برتری لے گا وہی آفیسر میرا فیورٹ ہے اور جو کوئی آفیسر ٹائم پاس کرے گا اس کو کسی ذمہ دار سیٹ پر رہنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور () پولیس کی جانب سے ای پولیس پوسٹ کے ذریعے مشکوک اشخاص و گاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(108)

13-02-2023

# بہاولپور( )ڈی پی او سید محمد عباس کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری۔34شہریوں کی شرکت۔موقع پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری۔بہاولپور کے شہریوں کے جائز مسائل ہر طور پر حل کیے جائیں گے۔ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے بہاولپور کے شہریوں کیلیئے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔گزشتہ روز 34 شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کیلیئے ڈی پی او آفس کا رخ کیا اور ڈی پی او کو اپنے مسائل کے حل کیلیئے درخواستیں دیں۔ڈی پی او نے موقع پر ہی تمام معزز شہریوں کو بذات خود سنا اور ان کے پولیس سے متعلقہ درپیش مسائل کے حل کیلیئے متعلقہ افسران کو موقع پر احکامات جاری کیے۔اس موقع پر ڈی پی او نے شہریوں سے بات کرت ہوئے کہا کہ بہاولپور کے شہری میرے لیے وی آئی پیز ہیں اور ان کو باعزت طور پر سننا اور مسائل کو حل کرنا میری اولین ذمہ داری ہے۔کوئی بھی شخص بلا جھجک اپنا ایشو لیکر میرے پاس آ سکتا ہے۔

ترجمانِ پولیس بہاولپور۔




بہاولپور( )ڈی پی او سید محمد عباس کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری۔ 34 شہریوں کی شرکت